# Schedule A to the Base Memberships

# IGI Life Window Takaful Operations

## بنیادی رکنیت کا شیڈول الف

## آئی جی آئی لائف - ونڈو تکافل آپریشنز

# Terms & Conditions (Vitality Integrated Benefit)

## شرائط و ضوابط

## (جامع وائیٹیلٹی فوائد)

## Schedule A to the Base Membership] IGI Life Window Takaful Operations Terms & Conditions (Vitality Integrated Benefit)

## بنیادی رکنیت کا شیڈول الف
## آئی جی آئی لائف - ونڈو تکافل آپریشنز
## شرائط وضوابط (جامع وائیٹیلٹی فوائد)

This is a regular contribution unit-linked Takaful plan but through optional integration of the Vitality Active Program the Covered Person will be able to receive additional benefits.

یہ ایک با قاعدہ زرتعاون والا یونٹ لنکڈ تکافل پلان ہے، جو کہ وائیٹیلٹی فعال پروگرام کے ساتھ منسلک ہوگا، تو اُس میں شریک تکافل کو اضافی فوائد ملیں گے۔

The Vitality Active Program is formed with the core purpose to make people healthier, enhance and protect their lives and in doing so earn rewards. To ensure continuous engagement in a healthy lifestyle, the Members will be given a weekly activity target, on completion of which they will receive points. These points will ultimately contribute towards the determination of the Vitality Status (Bronze, Silver, Gold and Platinum). Weekly activity targets will be monitored through a fitness device and the Vitality Active application. Completion of each weekly target will entitle the Covered Person to a reward (e.g. mobile top-up, voucher for healthy meals etc.) at the end of the week – referred to as Active Rewards.

وائیٹیلٹی فعال پروگرام کا بنیادی مقصد لوگوں کو صحت مند بنانا، ان کی زندگیوں کو تحفظ دینا اور اس پر ان کو انعامات فراہم کرنا ہے۔ صحت مند طرزِ زندگی کو مسلسل جاری رکھنے کے لیے شرکاء کو ہفتہ وار سرگرمی سے متعلق اہداف دیے جائیں گے، جن کو پورا کرنے پر ان کو پوائنٹس ملیں گے۔ ان پوائنٹس سے بالآخر شرکاء کی وائیٹیلٹی حیثیت (برانز، سلور، گولڈ، پلاٹینم) کا تعین ہوگا۔ ہفتہ وار سرگرمیوں کے اہداف کی فٹنس ڈیوائس اور وائیٹیلٹی فعال ایپلیکیشن کے ذریعے نگرانی کی جاتی ہے۔ ہر ہفتہ وار ہدف کو مکمل کرنے پر ہفتے کے آخر میں شریک تکافل انعام (موبائل ٹاپ اپ، صحت بخش کھانے کا واؤچر وغیرہ) کا حقدار ہوگا، ان انعامات کو فعال انعام کہا جائے گا۔

The Member can also earn monthly cashback on their fitness device by performing physical activities over the course of the month, and subsequently earning the respective physical activity Vitality Points for those activities.

Moreover, Covered Persons will also be entitled to receive an Integrated Benefit after 5 years, given that certain conditions are met. The Integrated Benefit will be equal to a percentage of the basic contribution, where the percentage is dependent on the Covered Person's Vitality Status and the Sum Covered multiple at the end of each year during the 5-year period. The details and terms & conditions related to the Integrated Benefit are defined in this document.

شرکاء جسمانی سرگرمیاں مکمل کرنے پر اپنی فٹنس ڈیوائس کی مد میں ادا کی گئی رقم کی ماہانہ بنیاد پر رقم کی واپسی کا فائدہ بھی اٹھا سکتے ہیں اور ان جسمانی سرگرمیوں کے نتیجے میں شرکاء کو جسمانی سرگرمی سے متعلق وائیٹیلٹی پوائنٹس بھی ملیں گے۔ اس کے علاوہ شریک تکافل شرائط وضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے 5 سال بعد جامع وائیٹیلٹی فوائد حاصل کرنے کا بھی حقدار ہوگا۔ جامع وائیٹیلٹی فوائد کا رقم بنیادی زرتعان کے مقررہ فیصد جتنا ہوگا فیصد کی بنیاد اور مجموعی تکافل فوائد کے حاصل ضِرب پر ہے جس کا حساب رواں پانچ سال کے ہر سال کے آخر میں کیا جائے گا۔

جامع وائیٹیلٹی فوائد سے متعلق تفصیلی شرائط وضوابط اس دستاویز میں بیان کیے گئے ہیں۔

## 1 Definitions

**Base Membership:** The underlying Takaful Membership which when linked to the Vitality Active Program is called the Vitality Integrated Membership.

## 1 تعریفات

**بنیادی رکنیت:** بنیادی رکنیت جب وائیٹیلٹی فعال پروگرام کے ساتھ منسلک ہو تو اس کو جامع وائیٹیلٹی رکنیت کہا جائے گا۔

**Integrated Benefit:** Status/points based benefit provided to the Covered Person in the Vitality Integrated Membership in accordance with the terms hereunder and as set out in Schedule B.

**Master Vitality Integrated Membership:** is the Vitality Integrated Membership from which the Vitality Fee deductions will be made.

**Participant's Membership Document:** The terms and conditions of the Base Membership.

**Top-Up Account:** This consists of a) Top-Up Contributions (refer to Clause 7 of the PMD) and b) Monthly Reward and Vitality Integrated Benefit (which will be credited to the Top-Up Account subject to certain terms and conditions).

**Vitality:** means the Vitality Group International, Inc., a Delaware corporation with its principal place of business at 200 W. Monroe St, Suite 1900, Chicago, IL 60606.

**Vitality Active Anniversary:** means an anniversary of the membership date.

**Vitality Active Program:** A targeted product that focuses on those activities that have the strongest correlation with health and lifestyle improvements: physical activity and health checks.

**Vitality Active Rewards:** These are rewards based on regularly achieved personalized physical activity targets given to the Member by Vitality Active Program. Such rewards can only be used for leisure and not for business purposes, and are only available to the Member of the Vitality Active Program.

**Vitality Active Member:** A Covered Person who participates in Vitality Active Program and obtains at least a single Vitality Integrated Membership.

**جامع وائیٹیلٹی فوائد:** وائیٹیلٹی حیثیت / پوائنٹس کی بنیاد شریک تکافل کو جامع وائیٹیلٹی رکنیت کے تحت اس دستاویز اور شیڈول ب میں بیان کردہ شرائط وضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے حاصل ہونے والے فوائد ہیں۔

**ماسٹر جامع وائیٹیلٹی رکنیت:** وہ جامع وائیٹیلٹی رکنیت جس سے وائیٹیلیٹی کی فیس منہا کی جاتی ہے۔

**شریک تکافل کی رکنیت دستاویز:** بنیادی رکنیت کی شرائط وضوابط۔

**ٹاپ اپ اکاؤنٹ:** اس میں (ا) ٹاپ اپ زرتعاون (PMD کی شق نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں) اور (۲) ماہانہ انعامات اور جامع وائیٹیلٹی فوائد (جو ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں شرائط وضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈالے جائیں گے) شامل ہیں۔

**وائیٹیلی:** اس سے مراد وائیٹیلی گروپ انٹرنیشنل ہے، ڈیلاوئر کارپوریشن جس کا اصل کاروباری مکام 200 منروسینٹ، سویٹ 1900، شکاگو، آئی ایل 60606 میں واقع ہے۔

**وائیٹیلٹی فعال کی سالگرہ:** اس سے مراد رکنیت کی سالگرہ ہے۔

**وائیٹیلٹی فعال :** یعنی ایک ایسی خاص پراڈکٹ جو ایسی سرگرمیوں پر توجہ دیتی ہے جن کا صحت اور طرزِ زندگی میں بہتری لانے میں بڑا عمل دخل ہے۔ جسمانی سرگرمی اور صحت کی جانچ۔

**وائیٹیلٹی فعال انعامات:** وائیٹیلٹی فعال پروگرام کی جانب سے شرکاء کو ملنے والے جسمانی سرگرمی کے اہداف باقاعدہ پورا کرنے پر حاصل ہونے والے انعامات۔ یہ واضح رہے کہ یہ انعامات صرف تفریحی غرض سے استعمال کیے جاسکتے ہیں، ان کو کاروباری مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا اور یہ انعامات صرف وائیٹیلٹی فعال پروگرام کے شرکاء کو ہی حاصل ہوں گے۔

**وائیٹیلٹی فعال رکن:** سے مراد نامزد شریک تکافل جو وائیٹیلٹی فعال پروگرام میں حصہ لیتا ہے اور وائیٹیلٹی کی کم از کم ایک جامع رکنیت حاصل کرتا ہے

**Vitality Fee:** Monthly fee charged from the Master Vitality Integrated Membership.

**وائیٹیلٹی فیس:** ماسٹر جامع وائیٹیلٹی رکنیت سے ماہانہ کاٹی جانے والی فیس۔

**Vitality Integrated Membership:** is the Base Membership linked to the Vitality Active Program.

**جامع وائیٹیلٹی رکنیت:** یہ ایک بنیادی رکنیت ہے جو وائیٹیلٹی فعال پروگرام کے ساتھ منسلک ہے۔

**Vitality Status:** Vitality Active Members earn points by engaging in Vitality Active Program leading to different Vitality Statuses upon achieving certain threshold (as set out in Schedule B). Members can earn following statuses ordered to represent point threshold: Bronze, Silver, Gold and Platinum. All capitalized terms unless otherwise defined herein shall have the same meaning as ascribed to that term under the Participant's Membership Document of the Base Membership.

**وائیٹیلٹی حیثیت:** وائیٹیلٹی فعال رکن، وائیٹیلٹی فعال پروگرام میں شرکت کے پوائنٹس حاصل کرتے ہیں جس کے ذریعے سے انہیں متعین طریقوں سے گزر کر مختلف حیثیتیں حاصل ہوتی ہے، ہیں (جیسا کہ Schedule B میں بیان ہے) اس سے برانز، سلور، گولڈ اور پلاٹینم کی حیثیت حاصل کر سکتے ہیں۔
تمام مذکورہ اصطلاحات کے وہی معنی ہوں گے جو بنیادی رکنیت PMD کے تحت مذکور ہیں، جب تک کہ کوئی اور معنی وضاحت کے ساتھ بیان نہ کیا جائے۔

## 2 Vitality Fee

## 2 وائیٹیلٹی فیس

Vitality Fee per membership per month will be deducted at the beginning of each month from the Participant's Investment Account (PIA) of the Vitality Integrated Membership, as stated in the attached endorsement. Vitality Fee may vary from time-to-time, at the discretion of the Window Takaful Operator.

ہر مہینے کے شروع میں ہر شریک تکافل کی جامع وائیٹیلٹی رکنیت کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) سے وائیٹیلٹی فیس کی کتوتی ہوگی، جس کا ذکر منسلک انڈورسمنٹ میں ہوگا۔
ونڈو تکافل آپریٹر وائیٹیلٹی میں وقتاً فاوقتاً تبدیلی کا حق رکھتی ہے۔

If the member has more than one Membership of the Vitality Integrated product, then Vitality Fee will be deducted from Master Vitality Integrated Membership only; no deduction of Vitality Fee will be made from the other Vitality Integrated Memberships. If the Master Vitality Integrated Membership terminates, due to any reason, the Vitality Integrated Membership with the highest Participant's Investment Account will become the Master Vitality Integrated Membership and the Vitality Fee deductions will only be made from that Membership.

اگر ممبر کے پاس ایک سے زیادہ وائیٹیلٹی پراڈکٹ ہوں تو وائیٹیلٹی فیس صرف ماسٹر جامع وائیٹیلٹی رکنیت سے ہی کاٹی جائیگی؛ وائیٹیلٹی فی کی کٹوتی کسی بھی دیگر جامع وائیٹیلٹی رکنیت سے نہیں ہوگی اگر کسی بھی وجہ سے ماسٹر جامع وائیٹیلٹی رکنیت ختم ہو جائے تو جامع وائیٹیلٹی فوائد والی وہ رکنیت جس میں سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت سب سے زیادہ ہوگی وہ ماسٹر جامع وائیٹیلٹی رکنیت بن جائے گی اور وائیٹیلٹی فیس صرف اسی رکنیت سے منہا کی جائے گی۔

## 3 Benefits

## 3 فوائد

### 3.1 Integrated Benefit

### 3.1 جامع فوائد

At every fifth anniversary of the Vitality Integrated Membership an additional

جامع وائیٹیلٹی رکنیت کی ہر پانچویں سالگرہ پر کچھ اضافی رقم (زرتعاون کا فیصدی حصہ)

amount (% of contribution) will be credited to the Top-Up Account as Vitality Integrated Benefit in accordance with the table set out below. This is dependent on the set criteria including Vitality Status and the Sum Covered multiple of the Vitality Integrated Membership in the preceding 5-year period.

جامع وائیٹیلٹی فوائد کے طور پر ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ذیل میں دیے گئے ٹیبل کے اعتبار سے ڈال دیا جائے گا۔ جامع فوائد کی فیصد کی بنیاد وائیٹیلٹی حیثیت اور مجموعی فوائد کے حاصلِ ضرب پر ہے جس کا حساب رواں پانچ سال کے دورانیے کے مطابق کیا جائیگا ۔

In case of death of the Participant or at maturity of the Vitality Integrated Membership, the Integrated Benefit accrued but not already credited to the Top-Up Account will be given, in addition to the Death Benefit or Maturity Benefit of the Vitality Integrated Membership.

شریک تکافل کی وفات یا جامع وائیٹیلٹی رکنیت مکمل ہونے کی صورت میں جامع وائیٹیلٹی رکنیت کے تحت وفات یا رکنیت کی تکمیل کی صورت میں ہونے والے فوائد کے علاوہ جامع فوائد جواب تک ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے گئے ہوں، وہ بھی ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ڈال دیے جائیں گے۔

In case of permanent total disability of the Participant, the accrued Integrated Benefit will be credited to the Top-Up Account. For details, please refer to section 3.3 below.

شریک تکافل کی مستقل مکمل معذوری کی صورت میں حاصل شدہ فوائد بھی ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ڈال دیے جائیں گے۔ تفصیل کے لیے ذیل میں مذکور شق نمبر 3.3 ملاحظہ فرمائیں۔

In case of full Surrender of the Vitality Integrated Membership, any Integrated Benefit which has not already been credited to the Top-Up Account will not be paid. For details, please refer to section 3.5.1 below.

مکمل دستبرداری کی صورت میں دستبرداری کی تاریخ تک ہونے والے جامع فوائد جواب تک ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے گئے ہوں، قابل اداء نہیں ہوں گے۔ تفصیل کے لیے ذیل میں مذکور شق نمبر 3.5.1 ملاحظہ فرمائیں۔

In case of partial withdrawal, Integrated Benefit will not be credited to the Top-Up Account for that 5-year period in which partial withdrawal is made. For details please refer to section 3.5.2 below.

جزوی دستبرداری کی صورت میں ان پانچ سالوں کے جامع فوائد ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے جائیں گے، جن میں جزوی دستبرداری کی جائے گی۔ تفصیل کے لیے ذیل میں مذکور شق نمبر 3.5.2 ملاحظہ فرمائیں۔

If there are more than one Vitality Integrated Membership, each Vitality Integrated Membership will be eligible to receive Integrated Benefit at the end of each 5-year period given the set criteria are met.

اگر ایک سے زیادہ جامع وائیٹیلٹی رکنیت ہو تو ہر طے شدہ طریقے کے مطابق ہر پانچ سال کے آخر میں ہر جامع وائیٹیلٹی رکنیت کے بدلے میں جامع فوائد حاصل ہوں گے۔

If the anniversary of the Vitality Active membership is different than that of the Vitality Integrated Membership, the Vitality Status to be used for the Integrated Benefit will be given in accordance with section 5.3 below.

اگر وائیٹیلٹی فعال پروگرام کی سالگرہ کی تاریخ جامع وائیٹیلٹی رکنیت سے مختلف ہو تو اس صورت میں وائیٹیلٹی حیثیت کو ذیل کی شق نمبر 5.3 کے اعتبار سے جامع فوائد کے حصول کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

The table for Integrated Benefit is as follows:

مندرجہ ذیل ٹیبل میں جامع وائیٹیلٹی فوائد کی تفصیل دی گئی ہیں:

| Integrated Benefit | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Sum Covered Multiple | Status | | | |
| | Bronze | Silver | Gold | Platinum |
| 5 to 10 | 0.0% | 0.0% | 0.0% | 0.0% |
| 11 to 20 | 0.0% | 2.0% | 4.0% | 9.0% |
| 21 and higher | 0.0% | 4.0% | 8.0% | 18.0% |

| جامع فوائد | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مجموعی تکافل فوائد کا حاصل ضرب | حیثیت | | | |
| | برانز | سلور | گولڈ | پلاٹینم |
| 5سے10 | 0.0% | 0.0% | 0.0% | 0.0% |
| 11سے20 | 0.0% | 2.0% | 4.0% | 9.0% |
| 21اور اس سے اوپر | 0.0% | 4.0% | 8.0% | 18.0% |

**3.2 Death Benefit**

In case of death, the Integrated Benefit accrued but not already credited to the Top-Up Account will be given, in addition to the Death Benefit stated in Clause 31 of the Participant's Membership Document of the Base Membership

The Vitality Active membership will also be terminated in case of death of the Member.

**3.3 Disability Benefit**

In case of permanent total disability, the Integrated Benefits accrued till the date of disability, and not already credited to the Top-Up Account, will be credited to the Top-Up Account. The Vitality Active membership will also be terminated in case of disability of the Member.

**3.4 Maturity benefit**

At the time of maturity, the Integrated Benefit accrued but not already credited to the Top-Up Account will be payable.

**3.5 Surrender**

**3.5.1 Full surrender**

In case of full Surrender of the Vitality Integrated Membership, the Integrated Benefit accrued till the date of surrender, and not already credited to the Top-Up Account, will not be payable.

**3.2 وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد**

وفات کی صورت میں بنیادی رکنیت کی PMD کی شق نمبر 31 میں مذکور وفات کی صورت میں ملنے والے فوائد کے علاوہ وہ جامع فوائد جو اب تک ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے گئے ہوں، وہ بھی ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ڈال دیے جائیں گے۔

شریک کی وفات کی صورت میں وائیٹیلٹی فعال پروگرام رکنیت بھی ختم ہوجائے گی۔

**3.3 معذوری کی صورت میں ملنے والے فوائد**

مستقل مکمل معذوری کی صورت میں معذوری کی تاریخ تک ہونے والے جامع فوائد جو اب تک ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے گئے ہوں، وہ بھی ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ڈال دیے جائیں گے۔ شریک کی معذوری کی صورت میں وائیٹیلٹی فعال پروگرام رکنیت بھی ختم ہوجائے گی۔

**3.4 رکنیت کی تکمیل کی صورت میں ملنے والے فوائد**

رکنیت کی تکمیل کی صورت میں جامع فوائد جو اب تک ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے گئے ہوں، وہ بھی قابل ادا ہوں گے۔

**3.5 دستبرداری**

**3.5.1 مکمل دستبرداری**

مکمل دستبرداری کی صورت میں دستبرداری کی تاریخ تک ہونے والے جامع فوائد جو اب تک ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے گئے ہوں، قابل ادا نہیں ہوں گے۔

The Membership will be surrendered as per Clause 24 of the Participant's Membership Document of the Base Membership.

بنیادی رکنیت کی PMD کی شق نمبر 24 کے مطابق رکنیت دستبردار ہو جائے گی۔

### 3.5.2 Partial withdrawals

In case of partial withdrawal, Integrated Benefit will not be credited to the Top-Up Account for that 5-year period in which partial withdrawal was made.

For example:

### 3.5.2 جزوی دستبرداری

جزوی دستبرداری کی صورت میں ان پانچ سالوں کے جامع فوائد ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے جائیں گے، جن میں جزوی دستبرداری کی جائے گی۔

مثال کے طور پر:

| Year | Vitality Status at end of each year | Partial Withdrawal during the 5-yr period | Integrated Benefit for the 5-yr period |
|---|---|---|---|
| 1 - 5 | Silver | Yes | No |
| 6 - 10 | Silver | No | Yes |

| سال | ہر سال کے آخر میں وائیٹیلٹی حیثیت | پانچ سالوں کے دوران جزوی دستبرداری | پانچ سالوں کے دوران جامع فوائد |
|---|---|---|---|
| 1 سے 5 | سلور | ہاں | نہیں |
| 6 سے 10 | سلور | نہیں | ہاں |

## 3.6 Reinstatement

### 3.6.1 Reinstatement within 90 days of the lapse date

When Reinstated within 90 days of the date the Vitality Integrated Membership had Lapsed, Vitality Fee will be charged for the entire period during which the Vitality Integrated Membership was inactive. The Integrated Benefit will be credited to the Top-Up Account given that other terms and conditions are met.

### 3.6.2 Reinstatement after 90 days of the lapse date

In case of Reinstatement after 90 days of the date the Vitality Integrated Membership had Lapsed, Vitality Fee will be charged for the period in which the Vitality Integrated Membership was inactive.

If the Vitality Integrated Membership is reinstated in the same Membership Year then the Integrated Benefit will be credited to the Top-Up Account provided that other terms and conditions are met. However, if the Vitality Integrated Membership is reinstated in subsequent Membership Years,

## 3.6 بحالی

### 3.6.1 رکنیت موقوف ہونے کی تاریخ سے 90 دن کے اندر رکنیت کی بحالی

جامع وائیٹیلٹی رکنیت موقوف ہونے کی تاریخ سے 90 دن کے بعد رکنیت کی بحالی کی صورت میں اس دوران کی وائیٹیلٹی فیس بھی وصول کی جائی گی جن دنوں میں جامع وائیٹیلٹی رکنیت مؤثر نہیں تھی۔ دیگر شرائط وضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع فوائد ٹاپ اکاؤنٹ میں ڈال دیے جائیں گے۔

### 3.6.2 رکنیت موقوف ہونے کی تاریخ سے 90 دن کے بعد رکنیت کی بحالی

جامع وائیٹیلٹی رکنیت موقوف ہونے کی تاریخ سے 90 دن کے بعد اندر رکنیت کی بحالی کی صورت میں اس دوران کی وائیٹیلٹی فیس بھی وصول کی جائی گی جن دنوں میں جامع وائیٹیلٹی رکنیت مؤثر نہیں تھی۔

اگر جامع وائیٹیلٹی اسی رکنیت کے سال بحال کروالی جائے تو دیگر شرائط وضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع فوائد ٹاپ اکاؤنٹ میں ڈال دیے جائیں گے۔

no Integrated Benefit will be credited to the Top-Up Account at the end of those Membership Years when the Membership was on lapse status. The customer will be eligible for the Integrated Benefit for the remaining years in that prevailing 5 year period during which the Vitality Integrated Membership is reinstated provided that other terms and conditions are met; Integrated Benefit will be credited to the Top-Up Account in subsequent 5 year periods.

اگر جامع وائیٹیلٹی اگلے رکنیت کے سالوں میں بحال کروائی جائے تو جن سالوں میں جامع وائیٹیلٹی رکنیت موقوف رہی تھی ان سالوں کے آخر میں جامع فوائد ٹاپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے جائیں گے۔ دیگر شرائط وضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے شریک ان ممبران موجودہ پانچ سالوں کے درمیان میں وہ سال جن میں جامع وائیٹیلیٹی رکنیت بحال کروائی گئی تھی کے جامع فوائد کا حقدار ہوگا، جامع فوائد اگلے پانچ سالوں کی مدت کے لیے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ڈال دیے جائیں گے۔

During the run-off period the reinstatement of Vitality Active membership post 90 days period, will not be allowed. However, the Base Membership may be Reinstated as per the terms and conditions of the Base Membership.

''رن آف'' مدت کے دوران 90 دن کے بعد وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی بحالی کی اجازت نہیں ہوگی۔ البتہ بنیادی رکنیت کی شرائط وضوابط کو ملحوظ رکھتے ہوئے بنیادی رکنیت کو بحال کروایا جاسکتا ہے۔

## 4 Membership Alterations

## 4 رکنیت میں تبدیلی

### 4.1 Contribution Increase/Decrease

The change in Contribution will only be allowed at Membership Anniversary and will be effective for the next year. If Basic Contribution is altered in a particular 5-year period, the Integrated Benefit credited to the Top-Up Account during that period will be calculated using the Minimum Basic Contribution during that period.

### 4.1 زرتعاون میں کمی/زیادتی

زرتعاون میں تبدیلی رکنیت کی سالگرہ کے موقع پر ہی ہوسکے گی اور اگلے سال کے لیے مؤثر ہوگی۔ اگر کسی مخصوص پانچ سال کے دورنیا میں بنیادی زرتعان میں تبدیلی کی گئی ہوگی تو اس صورت میں ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جانے والے جامع فوائد کا حساب اس مدت کے دوران کم بنیادی زرتعاون کے اعتبار سے کیا جائے گا۔

### 4.2 Indexation feature

If this option is selected, the Contribution and Basic Sum Covered of the Vitality Integrated Membership will be increased on every Membership Anniversary.

### 4.2 انڈیکسیشن کی خصوصیت

اگر یہ آپشن اختیار کیا جائے تو اس صورت میں جامع وائیٹیلٹی رکنیت کے زرتعاون اور بنیادی مجموعی تکافل فوائد میں رکنیت کی ہر سالگرہ کے موقع پر اضافہ ہوگا۔

The member may cancel the increase in Contribution by giving notice in writing and paying the Contribution without the increase. If the member cancels the increase on any Membership Anniversary, the indexation facility will no longer be available.

شریک تحریری نوٹس دے کر زرتعاون کے اس اضافہ کو ختم بھی کرسکتا ہے اور پھر زرتعاون بغیر کسی اضافہ کے ادا کیا جائے گا۔ رکنیت کی سالگرہ پر اگر کوئی رکن اضافے کو منسوخ کرتا ہے تو اس کے بعد انڈیکسیشن کی سہولت باقی نہیں رہے گی۔

The Integrated Benefit credited to the Top-Up Account in indexed Memberships during a 5-year period will be calculated using the Minimum basic Contribution paid during that period.

جس رکنیت میں انڈیکسیشن کا آپشن اختیار کیا گیا ہوگا اس صورت میں پانچ سالوں کے درمیان ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں جانے والے جامع فوائد کا حساب اس مدت کے دوران کم ازکم بنیادی زرتعاون کے اعتبار سے کیا جائے گا۔

### 4.3 Contribution holidays

Integrated Benefit will not be credited to the Top-Up Account for the 5-year period in which Contribution payment was skipped. The member needs to pay the due Contribution in a year in that Membership Year or in advance in order to avail Integrated Benefits.

### 4.3 زرتعاون کی عدم ادائیگی

جن پانچ سالوں کے دوران زرتعاون ادانہیں کیا گیا ہوگا ان کے جامع فوائد ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے جائیں گے۔لہٰذا شریک کو جامع فوائد حاصل کرنے کے لیے واجب الاداءزرتعاون اسی سال یا پیشگی ادا کرنا ہوگا۔

For example:

مثال کے طور پر:

| Year | Vitality Status at end of each year | Contribution skipped in any year? | Integrated Benefit for the 5-yr period |
|---|---|---|---|
| 1 - 5 | Silver | Yes | No |
| 6 - 10 | Silver | No | Yes |

| سال | ہر سال کے آخر میں وائیٹیلیٹی حیثیت | کسی سال زرتعاون کی ادائیگی ترک کی گئی؟ | پانچ سالوں کے دوران جامع فوائد |
|---|---|---|---|
| 1 سے 5 | سلور | ہاں | نہیں |
| 6 سے 10 | سلور | نہیں | ہاں |

In case the contribution paying term and membership term are not equal, the period for which the membership term exceeds the contribution paying term will be considered as contribution holidays. For example, if the membership term is 15 years and the contribution paying term is 10 years, the integrated benefit will only be applicable for 10 years since membership years 11 to 15 will be considered as contribution holidays.

اگر زرتعاون کی ادائیگی کی مدت اور رکنیت برابر نہ ہو تو ایسی مدت جس کے لئے رکنیت کی مدت زرتعاون کی ادئیگی کی مدت سے تجاوز کر جائے، اُس مدت کو زرتعاون کا وقفہ تصور کیا جائے گا۔مثال کے طور پر اگر رکنیت کی مدت 15 سال ہے اور زرتعاون کی ادئیگی کی مدت 10 سال ہے تو جامع فوائد صرف 10 سال کے لئے قابل عمل ہوں گے کیونکہ رکنیت کے 11 سے 15 سال زرتعاون کی ادئیگی کا وقفہ تصور کیا جائے گا۔

### 4.4 Contribution paid in advance

Contribution payments may be made in advance in which case the Integrated Benefit will be calculated for each year for which the Contribution has been paid. However, the Integrated Benefit will only be credited to the Top-Up Account at each 5th anniversary given that all other terms and conditions are met.

### 4.4 زرتعاون کی پیشگی ادائیگی

زرتعاون کی ادائیگی پیشگی بھی کی جاسکتی ہے، اس صورت میں جامع فوائد کا حساب ان تمام سالوں کے اعتبار سے کیا جائے گا جن کا زرتعاون ادا کر دیا گیا ہوگا۔البتہ دیگر شرائط وضوابط کو ملحوظ رکھتے ہوئے جامع فوائد ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ہر پانچویں سالگرہ کے موقع پر ہی ڈالے جائیں گے۔

### 4.5 Late payment of contribution

a. Contribution due in a year is paid within that Membership Year: In this case the Integrated Benefit will be credited to the Top-Up Account.

b. Contribution due in a year is paid in the following years: In such a case, the Integrated Benefit will not be credited to the Top-Up Account.

### 4.5 زرتعاون کی ادائیگی میں تاخیر

الف کسی بھی سال کا واجب الاداءزرتعاون اسی رکنیت کے سال ادا کر دیا جائے: اس صورت میں جامع فوائد ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ڈال دیے جائیں گے۔

ب کسی بھی سال کا واجب الاداءزرتعاون اگلے رکنیت کے سالوں میں ادا کیا جائے: اس صورت میں جامع فوائد ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے جائیں گے۔

### 4.6 Increase/decrease in Basic Sum Covered Multiple

If Basic Sum Covered multiple changes on the request of the member, the Integrated Benefit would be adjusted accordingly.

If the Basic Sum Covered multiple is changed in a particular 5-year period, the Integrated Benefit during that period will be based on the minimum Basic Sum Covered (SC) multiple maintained during that period.

### 4.6 بنیادی مجموعی تکافل فوائد کے حاصل ضرب میں اضافہ/کمی

اگر بنیادی مجموعی تکافل فوائد کے حاصل ضرب میں شریک کی درخواست پر تبدیلی کی جائے گی تو جامع فوائد کو بھی اسی اعتبار سے مرتب کیا جائے گا۔

اگر خاص پانچ سالوں کے دورانئے میں بنیادی مجموعی تکافل فوائد کے حاصل ضرب میں تبدیلی کی جائے تو اس صورت میں اس مدت کے جامع فوائد کی بنیاد اس مدت کے دوران برقرار رکھے گئے کم از کم بنیادی مجموعی تکافل فوائد کے حاصل ضرب پر ہو گی۔

| End of Membership year | Vitality Status at EOY | Original SC Multiple | SC Multiple at EOY | SC Multiple used for Integrated Benefit |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Silver | 22 | 22 | 16 |
| 2 | Silver | 22 | 16 | 16 |
| 3 | Silver | 22 | 16 | 16 |
| 4 | Silver | 22 | 16 | 16 |
| 5 | Silver | 22 | 22 | 16 |

| رکنیت کے سال کا اختتام | سال کے اختتام پر وائیٹیلیٹی حیثیت | اصل SC کا حاصل ضرب | سال کے اختتام پر SC کا حاصل ضرب | جامع فوائد کے لیے استعمال کیا گیا SC کا حاصل ضرب |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سلور | 16 | 22 | 22 |
| 2 | سلور | 16 | 16 | 22 |
| 3 | سلور | 16 | 16 | 22 |
| 4 | سلور | 16 | 16 | 22 |
| 5 | سلور | 16 | 22 | 22 |

## 5 Other Provisions

### 5.1 Cancellation of Vitality Active membership due to

## 5 دیگر شرائط

### 5.1 ان وجوہات کی بناء پر وائیٹیلیٹی فعال رکنیت کا اختتام

#### 5.1.1 Death of the Vitality Active Member

Upon death of the Vitality Active Member, the Vitality Active membership will be cancelled.

#### 5.1.1 وائیٹیلیٹی فعال شریک کی وفات

وائیٹیلیٹی فعال رکن کی وفات کی صورت میں وائیٹیلیٹی فعال رکنیت ختم ہو جائے گی۔

#### 5.1.2 Termination of Membership

If the Membership is terminated under Clause 37 of the Participant Membership Document of the Base Membership, the Vitality Active membership will also be cancelled.

#### 5.1.2 رکنیت کا اختتام

بنیادی رکنیت کی PMD کی شق نمبر 37 کے تحت اگر رکنیت ختم ہو جائے تو وائیٹیلیٹی فعال رکنیت بھی ختم ہو جائے گی۔

### 5.1.3 Full Surrender of Membership

If the Membership is surrendered in accordance with Clause 24 of the Participant's Membership Document of the Base Membership, the Vitality Active membership will also be cancelled.

### 5.1.3 رکنیت سے مکمل دستبرداری

بنیادی رکنیت کی PMD کی شق نمبر 24 کے تحت اگر رکنیت سے مکمل دستبرداری اختیار کرلی جائے تو وائیٹیلیٹی فعال رکنیت بھی ختم ہوجائے گی۔

### 5.1.4 Member's request

Vitality Active membership will be cancelled upon a written request of the Member provided such member duly pays all accrued Contributions or other amounts due and payable in terms hereof. The Base Membership will continue as is.

### 5.1.4 شریک کی درخواست پر

شریک کی تحریری درخواست پر بھی وائیٹیلی فعال رکنیت ختم ہوجائے گی، بشرطیکہ شریک کی جانب سے واجب الاداء زرتعاون اور مذکورہ شرائط کو مدنظر رکھتے ہوئے دیگر واجب الاداء اخراجات ادا کردیے ہوں۔ بنیادی رکنیت اسی طرح جاری رہے گی۔

### 5.1.5 Membership Maturity

Upon maturity of the Vitality Integrated Membership, the Vitality Active membership will be cancelled.

### 5.1.5 رکنیت کی تکمیل

جامع وائیٹیلیٹی رکنیت کی تکمیل پر وائیٹیلیٹی فعال رکنیت بھی ختم ہوجائے گی۔

### 5.1.6 Cancellation of Membership in Free Look period

Vitality Active membership will be cancelled if the Vitality Integrated Membership is cancelled within the Free-Look period as stipulated in the Membership Document of the Base Membership. If the Member has availed or has not availed any Active Rewards during the Free-Look period, the Vitality Fee for one month will be refunded.

### 5.1.6 غور وفکر کے دورانیہ میں رکنیت ختم کرنا

بنیادی رکنیت کی PMD میں ذکر کردہ غور وفکر کے دورانیے کے اندر اندر جامع وائیٹیلیٹی رکنیت ختم کروانے کی صورت میں وائیٹیلیٹی فعال رکنیت بھی ختم ہوجائے گی۔ اگر شریک نے غور وفکر کے دورانیے میں فعال انعامات حاصل کیے ہوں یا نہ کیے ہوں، ایک ماہ کی وائیٹیلیٹی فیس واپس کردی جائے گی۔

**5.1.7 Any event which renders the Member inactive**

In case of any event which permanently restricts the Member to perform any physical activity required under the Vitality Active Program, the Vitality Active membership will cease from the date of such intimation by the Member.

**5.1.7 ایسا کوئی واقعہ جس کی وجہ سے شریک فعال نہ رہ سکے**

اگر ایسا کوئی واقعہ پیش آجائے جس کی وجہ سے شریک وائیٹیلٹی فعال پروگرام کے تحت مطلوب جسمانی سرگرمیوں کو ادا نہ کر سکے تو شریک کی طرف سے ایسی اطلاع کی تاریخ سے وائیٹیلٹی فعال رکنیت بند ہو جائے گی۔

**5.1.8 Termination of agreement between IGI Life Window Takaful Operator and Vitality Group**

In case of termination of agreement between IGI Life Window Takaful Operator and Vitality Group, the Vitality Active membership will be cancelled automatically without any liability on part of IGI Life Window Takaful Operator unless IGI Life Window Takaful Operator and Vitality Group agree to provide a run-off period of two years during which the Vitality Active membership will be active and the Integrated Benefit will be accrued. At the end of the run-off period, the Vitality Active membership will be cancelled automatically without any liability on part of IGI Life Window Takaful Operator.

**5.1.8 آئی جی آئی لائف-وانڈو تکافل آپریٹر اور وائیٹیلٹی گروپ کے درمیان معاہدہ کا اختتام**

اگر آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریٹر اور وائیٹیلٹی گروپ میں یہ معاہدہ برقرار نہ رہے تو یہ رکنیت خود بخود ختم ہو جائے گی اور ونڈو تکافل آپریٹر کے اوپر کوئی ذمہ داری بھی باقی نہیں رہے گی۔ جب تک کہ ونڈو تکافل آپریٹر اور وائیٹیلٹی گروپ کے درمیان دو سال کے ''رن آف'' مدت پر اتفاق نہ ہو جائے جس دوران وائیٹیلٹی فعال رکنیت بحال رہے گی اور جامع فوائد ملتے رہیں گے، البتہ اس ''رن آف'' مدت کے اختتام پر وائیٹیلٹی فعال رکنیت خود بخود ختم ہو جائے گی اور ونڈو تکافل آپریٹر کے اوپر کوئی ذمہ داری بھی باقی نہیں رہے گی۔

For the calculation of Integrated Benefit at the Membership Anniversary immediately following the end of run-off period, the Vitality Status at the end of run-off period will be used provided the other terms and conditions are met.

دیگر شرائط وضوابط کو ملحوظ رکھتے ہوئے ''رن آف'' مدت کے اختتام کے بعد آنے والی رکنیت کی سالگرہ کے موقع پر جامع فوائد کے حساب کے لیے ''رن آف'' مدت کے اختتام پر وائیٹیلٹی حیثیت کو استعمال کیا جائے گا۔

At the Membership Anniversary following the run-off period, any Integrated Benefit which has not already been credited to the Top-Up Account will be credited to the Top-Up Account. There will be no crediting of the Integrated Benefit after the Membership Anniversary, immediately following the run-off period.

''رن آف'' مدت کے اختتام کے بعد آنے والی رکنیت کی سالگرہ کے موقع پر وہ جامع فوائد جواب تک ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں نہیں ڈالے گئے ہوں، وہ بھی ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں ڈال دیے جائیں گے۔''رن آف'' مدت کے اختتام کے بعد آنے والی رکنیت کی سالگرہ کے بعد جامع فوائد ادا نہیں کیے جائیں گے۔

For example: If the agreement between IGI Life Window Takaful Operator and Vitality Group terminates, during the second Membership Year and a run-off period of two years is agreed to be provided by Window Takaful Operator such run-off period of two years will end during the fourth Membership Year. The Integrated Benefit will be calculated as follows:

مثال کے طور پر: اگر رکنیت کے دوسرے سال آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریٹر اور وائیٹیلٹی گروپ کے درمیان معاہدہ کا اختتام ہوجائے اور پھر دوسال کے ''رن آف'' مدت پر اتفاق ہوجائے اور یہ''رن آف'' کی دوسالہ مدت رکنیت کے چوتھے سال ختم ہوتو جامع فوائد کا حساب ذیل کے اعتبار سے کیا جائے گا:

| End of Membership year | Vitality Status at EOY | Vitality Status at the end of run-off period (based on the points earned) | Vitality Status used for Integrated Benefit | Integrated Benefit |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Silver | N/A | Silver | Yes |
| 2 | Gold | N/A | Gold | Yes |
| 3 | Platinum | N/A | Platinum | Yes |
| 4 | N/A | Silver | Silver | Yes |
| 5 | N/A | N/A | N/A | No |

| رکنیت کے سال کا اختتام | سال کے اختتام پر وائیٹیلٹی حیثیت | ''رن آف'' مدت کے اختتام پر وائیٹیلٹی حیثیت (حاصل کردہ پوائنٹس کے اعتبار سے) | جامع فوائد کے لیے استعمال کی گئی وائیٹیلٹی حیثیت | جامع فوائد |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سلور | N/A | سلور | ہاں |
| 2 | گولڈ | N/A | گولڈ | ہاں |
| 3 | پلاٹینم | N/A | پلاٹینم | ہاں |
| 4 | N/A | سلور | سلور | ہاں |
| 5 | N/A | N/A | N/A | نہیں |

**5.1.9** Upon termination of the Vitality Active membership in accordance with the terms set out under Clause 5.1 above, the Participant's Vitality Active membership shall be terminated and his rights to any benefits or rewards (including the Integrated Benefits) will cease and

**5.1.9** مذکورہ بالا شق نمبر 5.1 کے تحت وائیٹیلٹی فعال رکنیت ختم ہونے کی صورت میں شریک کی وائیٹیلٹی فعال رکنیت ختم ہوجائے گی اور کسی قسم کے فوائد اور انعام (بشمول جامع فوائد) کا استحقاق نہیں ہوگا اور آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل

IGI Life Window Takaful Operator will not refund any fees paid for the Vitality Active Program or its benefits by such Participant.

**5.2 Transfer of Vitality Active membership to other Memberships**

If the member has more than one inforce Vitality Integrated Membership on the same Participant then in case of; Surrender, maturity and Lapse of the Base Membership, the Vitality Active membership will continue by linking to another inforce Vitality Integrated Membership with highest Participant's Investment Account.

Notwithstanding the foregoing, the member or the Participant shall not be permitted to transfer or assign its Vitality Active membership rights, or rights to benefits or points earned in terms hereof to any other person or use a Vitality Active membership as security for any debt.

**5.3 Vitality Active Anniversary different than Membership Anniversary**

If a person obtains more than one Vitality Integrated Memberships at different dates then Integrated Benefit will be credited to the Top-Up Account on each Vitality Integrated Membership, based on the status which will be higher of:

- Carry Over Status: The status achieved by the Member as at the end of the prior Vitality Active Anniversary; or

- Vitality Status: The status earned by the Member based on points achieved during a certain period.

  For example:
  A Vitality Integrated Memberships (Membership A) is participated on the 1st of February 2018; the Participant's Vitality Active mem bership start date will also be the 1st of February 2018. The Participant subsequently participates in anoth er Vitality Integrated Membership (Membership B) for the same Covered Person on 1st of December 2018.

آپریشنز وائیٹیلٹی فعال پروگرام اوراس کے فوائد کے ضمن میں منہا کی گئی کسی بھی قسم کی فیس واپس نہیں کرے گا۔

**5.2 وائیٹیلٹی فعال رکنیت کوکسی اوررکنیت کی طرف منتقل کرنا**

اگرکسی ممبر کی کسی ایک شریک تکافل کے حق میں ایک سے زیادہ جاری جامع وائیٹیلٹی رکنیت ہوتو بنیادی رکنیت سے دستبرداری، رکنیت کی تکمیل یا موقوف ہونے کی صورت میں وائیتیلٹی فعال رکنیت اس جاری جامع وائیٹیلٹی رکنیت کے ساتھ منسلک ہوجائے گی جس میں شریک تکافل کی سرمایہ کاری کی مالیت سب سے زیادہ ہوجائے گی۔

مذکورہ بالاشرائط کوملحوظ رکھتے ہوئے، ممبر یاشریک تکافل کواپنی وائیٹیلٹی فعال رکنیت کے حقوق یا فوائد کے حقوق یا حاصل شدہ پوائنٹس کسی دوسرے شخص کومنتقل کرنے یا تفویض کرنے یا اپنے کسی قرض کی سیکیورٹی کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**5.3 وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی سالگرہ اگررکنیت کی سالگرہ سے مختلف ہو**

اگرکسی شخص نے مختلف تاریخوں میں ایک سے زیادہ جامع وائیٹیلٹی رکنیت حاصل کی ہوتو اس صورت میں ہر جامع وائیٹیلٹی رکنیت کے جامع فوائداس وائیٹیلٹی حیثیت کے اعتبار سے ٹاپ اپ اکاؤنٹ میں منتقل کیے جائیں گے، جس کا درجہ سب سے زیادہ ہوگا:

گزشتہ حیثیت: یعنی وہ وائیٹیلٹی حیثیت جوشریک نے وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی گذشتہ سالگرہ کے موقع پر حاصل کی ہو، یا

وائیٹیلٹی حیثیت: یعنی وہ حیثیت جوشریک نے ایک خاص مدت کے دوران بذریعہ پوائنٹس حاصل کی ہو۔

مثال کے طور پر:
جامع وائیٹیلٹی رکنیت (رکنیت نمبر ''الف'') میں یکم فروری 2018 میں شمولیت اختیار کی گئی؛ شریک تکافل کی وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی تاریخ بھی یکم فروری 2018 ہوگی۔
اس کے بعد شریک تکافل نے یکم دسمبر 2018 کواسی کورڈ شخص کے لیے ایک اور جامع وائیٹیلٹی رکنیت (رکنیت نمبر ''ب'') حاصل کی۔

Both Vitality Integrated Memberships will be entitled to receive the Integrated Benefit on their respective Membership Anniversary, as shown in the tables below:

| Membership A | |
|---|---|
| Membership Start Date | 1-Feb-18 |
| Vitality Active Membership Start Date | 1-Feb-18 |
| Membership Anniversary Date | 1-Feb-19 |
| Vitality Active Membership Anniversary Date | 1-Feb-19 |
| **End of Year 1 for Membership A** | |
| Vitality Status carried over from Vitality Active Membership Anniversary Date | NA |
| Vitality Status based on points earned during the respective Membership year | Silver |
| **Vitality Status used to calculate Integrated Benefit for Membership A** | **Silver** |

| Membership B | |
|---|---|
| Membership Start Date | 1-Dec-18 |
| Vitality Active Membership Start Date | 1-Feb-18 |
| Membership Anniversary Date | 1-Dec-19 |
| Vitality Active Membership Anniversary Date | 1-Feb-19 |
| **End of Year 1 for Membership B** | |
| Vitality Status carried over from Vitality Active Membership Anniversary Date | Silver |
| Vitality Status based on points earned during the respective year | Gold |
| **Vitality Status used to calculate Integrated Benefit for Membership B** | **Gold** |

دونوں جامع وائیٹیلٹی رکنیت متعلقہ رکنیت کی سالگرہ کے موقع پر جامع فوائد کی حقدار ہوں گی، جیسا کہ ذیل کے ٹیبل میں بیان کیا گیا ہے:

| رکنیت نمبر ''الف'' | |
|---|---|
| رکنیت کی تاریخ آغاز | یکم فروری 2018 |
| وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی تاریخ آغاز | یکم فروری 2018 |
| رکنیت کی سالگرہ | یکم فروری 2019 |
| وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی سالگرہ | یکم فروری 2019 |
| رکنیت نمبر ''الف'' کے پہلے سال کا اختتام | |
| وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی سالگرہ کے موقع پر گزشتہ وائیٹیلٹی حیثیت | N/A |
| موجودہ سال کے حاصل کردہ پوائنٹس کی بنیاد پر وائیٹیلٹی حیثیت | سلور |
| رکنیت نمبر ''الف'' کے جامع فوائد کے لیے استعمال کردہ وائیٹیلٹی حیثیت | سلور |

| رکنیت نمبر ''ب'' | |
|---|---|
| رکنیت کی تاریخ آغاز | یکم دسمبر 2018 |
| وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی تاریخ آغاز | یکم فروری 2018 |
| رکنیت کی سالگرہ | یکم دسمبر 2019 |
| وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی سالگرہ | یکم فروری 2019 |
| رکنیت نمبر ''ب'' کے پہلے سال کا اختتام | |
| وائیٹیلٹی فعال رکنیت کی سالگرہ کے موقع پر گزشتہ وائیٹیلٹی حیثیت | سلور |
| موجودہ سال کے حاصل کردہ پوائنٹس کی بنیاد پر وائیٹیلٹی حیثیت | گولڈ |
| رکنیت نمبر ''ب'' کے جامع فوائد کے لیے استعمال کردہ وائیٹیلٹی حیثیت | گولڈ |

### 5.4 Terms and Conditions (Schedule B)

The Terms and Conditions of the Vitality Active Program are set out under Schedule B hereof and shall be incorporated herein by reference as if fully set forth herein and the Participant hereby agrees to be bound by such Terms and Conditions.

### 5.4 شرائط وضوابط (شیڈول ''ب'')

وائیٹیلٹی فعال پروگرام کی شرائط وضوابط منسلکہ شیڈول ''ب'' میں بیان کی گئی ہیں اور ان شرائط وضوابط کو حوالہ کے طور پر استعمال کیا جائے گا اور شریک تکافل ان شرائط وضوابط کو پورا کرنے کا پابند ہوگا۔

### 5.5 Data Privacy Clause

By agreeing to these terms & conditions, the Participant unconditionally grants IGI Life Window Takaful Operator permission to retain, store, use and share all their information (including personal information and information related to the Vitality Active Program for the purpose of, inter alia, administering the Vitality program, providing any services that the Vitality Membership may require and for academic research by the Vitality Group or its affiliates and by contracted research and survey providers in Pakistan, as well as outside the borders of Pakistan) with third parties including, without limitation, the Vitality Group and its affiliates. The Participant hereby accepts this Clause 5.5 by applying for the Vitality Integrated Membership and such acceptance shall be voluntary, but is a requirement for activating and servicing the Vitality Membership.

### 5.5 معلومات کی رازداری کی شق

ان شرائط وضوابط کوتسلیم کرتے ہی شریک تکافل کی جانب سے آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریٹر کو غیر مشروط طور پرشریک تکافل کی معلومات (اس میں منجملہ دوسری چیزوں کے وائیٹیلٹی فعال پروگرام کے انتظام، وائیٹیلٹی رکنیت کے لیے خدمات فراہم کرنے، وائیٹیلٹی گروپ یا اس کی منسلکہ کمپنی یا پاکستان کے اندر یا باہر تحقیق کی غرض سے ان کی ذاتی معلومات اور وائیٹیلٹی فعال پروگرام کی معلومات شامل ہیں) حاصل کرنے، محفوظ رکھنے، استعمال کرنے اور وائیٹیلٹی گروپ یا اس کی منسلکہ کمپنی یا کسی فرد ثالث کو بھیجنے کی اجازت ہے۔ وائیٹیلٹی کے جامع فوائد کے لیے اپلائی کرتے وقت اس شق نمبر 5.5 کوتسلیم کرنا رضا کارانہ طور پر ہوگا، لیکن وائیٹیلٹی رکنیت کو جاری کرنے اور اس کے تحت خدمات حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے۔

### 5.6 Disclaimers

**5.6.1** IGI Life Window Takaful Operator may, at its sole discretion, alter any terms and conditions set out hereunder (including any changes in the Participant's contributions or changes and enhancements to the benefits such Participant may be entitled to) and the Participant and Covered Person hereby agree to abide by any such alterations made by IGI Life Window Takaful Operator. The Participant will be notified prior to any such alterations.

### 5.6 وضاحت

**5.6.1** آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریٹر کو اپنی صوابدید سے مذکورہ بالا شرائط وضوابط میں تبدیلی (شریک تکافل کے زرتعاون میں تبدیلی یا شریک تکافل کے لیے ملنے والے فوائد میں تبدیلی اور اضافہ) کا حق حاصل ہے اوشریک تکافل اور کورڈ شخص کو ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے کی گئی اس تبدیلی کی تعمیل کرنا ضروری ہے۔ اس شریک تکافل کو اس تبدیلی کی اطلاع پہلے کردی جائے گی۔

**5.6.2** Any Vitality benefits and guidelines given by IGI Life Window Takaful Operator are not meant to be used and neither should be used to diagnose or treat a health problem or disease without consulting with a qualified healthcare provider. Each Vitality Active Member / Participant is required to consult with their physician or other qualified healthcare providers with any questions they may have about a medical condition or treatment before starting a new healthcare or exercise regimen in terms hereof.

**5.6.2** آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریٹر کی جانب سے دی گئی ہدایات اور وائیٹیلٹی فوائد کو کسی مستند ڈاکٹر سے مشورہ کیے بغیر کسی طبی مسئلہ کی تشخیص یا اس مسئلہ کا ہونا نہ سمجھا جائے اور نہ اس مقصد کے لیے استعمال کیا جائے۔ ہر وائیٹیلٹی فعال رکن / شریک تکافل کے لیے نئی ہیلتھ کیئر یا باقاعدہ ورزش سے پہلے اپنے ذاتی ڈاکٹر یا کسی اور مستند طبی سہولیات فراہم کرنے والے فرد سے اپنی طبی حالت سے متعلق مشورہ کرنا ضروری ہے۔

**5.6.3** Under no circumstances, including as a result of its negligent acts or omissions or those of its staff, servicers, agents, contractors, partners or other persons for whom in law it may be liable, will IGI Life Window Takaful Operator be liable for any loss, injury or damage of any nature which Participant, beneficiaries or any third parties may sustain as a result of engagement in the Vitality program. By agreeing to these rules, each Vitality Active Member / Participant and its Beneficiaries and any third parties agree to indemnify IGI Life Window Takaful Operator for any damage caused, or losses incurred due to any negligence, fraud or misconduct by a Vitality Active Member / Participant.

**5.6.3** ونڈو تکافل آپریٹر اپنے عملہ، خدمات فراہم کرنے والے، ایجنٹ، کانٹریکٹر، پارٹنر یا کسی اور فرد کی کی کوتاہی اور بھول چوک کی صورت میں وائیٹیلٹی پروگرام میں شرکت کی وجہ سے شریک تکافل یا اس کے مستفیدین یا کسی فردِ ثالث کو ہونے والے نقصان کا ذمہ دار نہیں ٹھرایا جائے گا۔ان شرائط وضوابط کو تسلیم کرنے سے وائیٹیلٹی فعال رکن اور شریک تکافل اس بات کو بھی تسلیم کرتے ہیں کہ وائیٹیلٹی رکن یا شریک تکافل کی کوتاہی غلط بیانی، فراڈ کی وجہ سے ونڈو تکافل آپریٹر کو ہونے والے نقصان کی تلافی کریں گے۔

**5.6.4** Each Vitality Active Member hereby agrees and confirms that it has no legal relationship with IGI Life Window Takaful Operator or the Vitality Program other than being bound by these rules and, when entitled to do so, receiving any benefits they may be entitled to.

**5.6.4** ہر وائیٹیلٹی فعال شریک اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ اس کا آئی جی آئی لائف-ونڈو تکافل آپریٹر یا وائیٹیلٹی پروگرام کے ساتھ ان اصول وضوابط کی پاسداری اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے انعامات کے علاوہ کسی اور قسم کا قانونی تعلق نہیں ہے۔

**5.6.5** Each Participant hereby confirms and undertakes that it has received independent tax advice regarding any benefit they may receive in terms of these presents. IGI Life Window Takaful Operator will not be responsible for any tax consequences that may arise.

**5.6.5** ہر شریک تکافل اس بات کو تسلیم اور اقرار کرتا ہے کہ اس نے ان انعامات اور فوائد سے متعلق ذاتی طور پر ٹیکس کا مشورہ لے لیا ہے۔ونڈو تکافل آپریٹر ٹیکس کے نتائج کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

آئی جی آئی لائف - ونڈو تکافل آپریشنز: 7th فلور، دی فورم، سوئٹ نمبر: 701-713، G-20، بلاک 9، خیابانِ جامی، کلفٹن، کراچی-75600، پاکستان۔
یو اے این: 711 111 (+92-21)111 ٹیلیفون: (+92-21)35360040 فیکس: (+92-21)35290042
ای میل: vitality@igi.com.pk ویب: www.igilifevitality.com.pk

**IGI Life Window Takaful Operations:** 7th Floor, The Forum, Suite No. 701-713, G-20, Block 9, Khayaban-e-Jami, Clifton, Karachi–75600, Pakistan. UAN: (+92-21) 111-111-711 | Tel: (+92-21) 35360040 | Fax: (+92-21) 35290042 | E-mail: vitality@igi.com.pk | Web: www.igilifevitality.com.pk